Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

8 جولائی، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

میں امید کرتا ہوں کہ اب تک آپ کا موسمِ گرما آرام دہ رہا ہے، اور آپ تندرست اور محفوظ ہیں۔ موسم خزاں میں، جب تعلیمی سال 2020-2021 کے لیے اسکول دوبارہ کھلے گا، اس بارے میں اہم معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے آج میں آپ کو تحریر کر رہا ہوں۔ اس اطلاع کے اختتام پر آپ ان معلومات کوموضوع کے لحاظ سے منظم پائیں گے بشمول اسکول کا شیڈول، صحت اور تحفظ کے طریقے، اور بہت کچھ۔ براہ کرم schools.nyc.gov/returntoschool2020 پرنشان (بُک مارک) لگا لیں، جہاں مزید معلومات دستیاب ہیں، اور دوبارہ کھلنے کے وقت کے قریب آنے تک ان میں باقاعدگی سے تجدید کی جائے گی۔

جو کچھ بھی ہم کرتے ہیں اس کی بنیاد صحت اور حفاظت کے لیے ہماری عہد بستگی ہے۔ اس کی وجہ سے گزشتہ مارچ میں ہم ریموٹ لرننگ میں منتقل ہوئے تھے، جب ہمیں اس بات کا علم ہوا کہ پورے نیو یارک شہر میں COVID-19 کی وبا (انفیکشن) کے پھیلاؤ میں کمی کرنے کے لیے اسکول کی عمارتوں کو بند کرنا ضروری تھا۔ بنیادی طور پر یہ مسابقت طلب تھا، لیکن آپ اور آپ کے بچے اس سے بے مثال وقار اور جدوجہد کے ساتھ نمٹے ہیں، اور اسکول کی برادریوں نے اس کو کارآمد بنانے کے لیے تاریخی انداز میں مل کر کام کیا تھا۔

اب، تقریباً چار مہینوں کے بعد، صحت اور حفاظت کے لیے ہماری عہد بستگی ہمیں نئے تعلیمی سال میں لے جائے گی۔ ہم ایک ساتھ بہت مشکل وقت سے گزرے ہیں، اور ستمبر کے لیے منتظر رہتے ہوئے، ہم مجموعی صورت حال دیکھ رہے ہیں: پورے ملک میں وبا کا مسلسل پھیلاؤ؛ شہر، ریاست، اور وفاقی اربابِ اختیار کی جانب سے موجودہ رہنمائی؛ اور وائرس کے متوقع مسلسل پھیلاؤ کے علم کی روشنی میں ہمارے لیے جس رہنمائی کی پابندی کرنا لازمی ہے اس میں بھی تبدیلی ہو گی۔ جب ایسا ہو گا، ہمیں تیار رہنا ہو گا، اور اس سے مطابقت کرنی ہوگی۔ ہم نے ایک سروے کے ذریعے 400,000 خاندانوں اور طلبا سے رائے حاصل کی ہے جس میں ہم نے ان سے آنے والے سال کے لیے ان کی ترجیحات اور تشویشات کے بارے میں پوچھا تھا اور ہماری منصوبہ بندی میں آپ کی رائے اہم رہی ہے۔

مجموعی طور پر، تعلیمی سال 2020-2021 کا آغاز کرنے کے لیے یہ صورتِ حال بے نظیر طریقوں کا تقاضا کرتی ہے - بشمول صحت سے متعلقہ نئے طریقے، میل جول میں فاصلہ (سوشل ڈسٹینسنگ) اور بہت کچھ ۔ غلط فہمی میں نہ رہیں: نیو یارک شہر کے طلبا ابھی بھی ہفتے کے 5 دن تعلیم حاصل کریں گے۔ سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ ہم ایک مخلوط تدریس کے طریقے کے ذریعے ان کو تعلیم دینے کی تیاری کر رہے ہیں۔ مخلوط تدریس کا مطلب ہے کہ طلبا کو ہفتے کے ایک حصے میں اسکول میں آن سائٹ تدریس دی جائے گی، اور ہفتے کے دوسرے دنوں میں وہ گھر پر ریموٹلی تدریس حاصل کریں گے۔

کوئی بھی اہلِ خانہ، کسی بھی وجہ سے صرف ریموٹ لرنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ اہلِ خانہ کی اکثریت جس حد تک حفاظت کے ساتھ ممکن ہو ذاتی طور پر موجودگی میں تدریس چاہتے ہیں، اور صحت اور حفاظت کے مطلوبات کی ہم آہنگی کے ساتھ ہم ہر موڑ پر اس میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کرنے پر کام کریں گے۔ ہم مساوات اور عمدگی کو ذہن میں رکھ کر قیادت کرنا جاری رکھیں گے، آپ کے بچے کی نشو و نما کے لیے جو کچھ بھی درکار ہے اس کو فراہم کر کے—اور ان طریقوں کی نشاندہی کرکے جو ان کے ہر ہم جماعت سے مختلف ہو سکتے ہیں، خاص طور پر بحران کے وقت میں۔ ہم اس بات کو بھی نہیں بھولیں گے جس طرح اس وائرس نے ہماری برادریوں میں نظامی نسلی تعصب کے اثرات میں مزید اضافہ کیا تھا۔ ہم باساختہ غیر مساوات کو براہ راست درست کرنے کے مواقع کی تحقیق کرنا جاری رکھیں گے —جیسے کہ ڈیجیٹل خلا کو کم کرنا۔

ہمارے منصوبے کے لیے تیزفہم ہونا لازمی ہے تاکہ عوامی صحت کی تبدیل ہوتی ہوئی صورتِ حال میں ہم حسبِ ضرورت مطابقت اور تبدیلی کر سکیں۔ ہم نیو یارک ریاست کی جانب سے رہنمائی کے بھی منتظر ہیں، اور اس کے جاری ہونے پر ہم ان کے ساتھ ہم آہنگ کریں گے۔ تمام تازہ ترین معلومات schools.nyc.gov/returntoschool2020 پر دستیاب ہوں گی، اور اس خط کے اختتام پر آپ کے لیے موجودہ صورتِ حال کے لیے نہایت اہم معلومات ہیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کہ عوامی طبی صورتِ حال میں تبدیلی کے ساتھ اس رہنمائی میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

اختتام پر، میں کہنا چاہتا ہوں کہ میں پُرجوش اور فکر مند ہوں —بالکل آپ کی طرح۔ میں جانتا ہوں کہ بذاتِ خود موجودگی میں تدریس اور ریموٹ لرننگ کا امتزاج گزشتہ تین ماہ کے صرف ریموٹ تجربے کے مقابلے میں ایک بہتری لگتا ہے، لیکن پھر بھی اس کے لیے کئی سوالات اور تشویشات ہیں۔ بھائی بہنوں کے شیڈول، نقل و حمل، اس صورت میں کیا ہو گا اگر اسکول میں ایک تصدیق شدہ (کرونا وائرس) کیس ہے اور بہت کچھ کے متعلق ہم ہر قدم پر آپ کے سوالات کے جوابات دینے پر کام کریں گے۔ میں آپ کے لیے اس کو سہل بنانے کے لیے سب کچھ کرنے کے لیے پُرعظم ہوں—اور میں صحت اور حفاظت پر سمجھوتا نہیں کروں گا۔
میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ نیویارک شہر میں دنیا کے بہترین طلبا، خاندان اور عملہ ہیں —اور اسے کوئی بھی چیز کبھی تبدیل نہیں کرسکتی۔ خزاں میں اسکولوں میں ایک محفوظ واپسی، اور ہمارے پورے شہر کی مجموعی حفاظت کے لیے ہمارے لیے شراکت داروں کے طور پر

**Department of Education**
Chancellor Richard A. Carranza

مسلسل کام کرنا مطلوب ہو گا —محکمۂ تعلیم عملہ، خاندان اور طلبا۔ ایک ساتھ مل کر ہم یقینی بنا سکتے ہیں کہ 1.1 - ملین طلبا—آپ کے بچے—نیو یارک شہر اسکول کے نظام میں محفوظ ترین، ممکنہ حد تک نہایت معاونتی ماحول میں ایسی تعلیم حاصل کریں جس کے یہ مستحق ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza,
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

**اسکول واپسی 2020: اہم معلومات**

## مجموعی رہنمائی

- تعلیمی سال 21-2020 ستمبر میں شروع ہوگا۔ اسکول کے پہلے دن کے بارے میں تفصیلات کا ہم آنے والے ہفتوں میں اعلان کریں گے۔
- نیویارک شہر کے طلبا ہفتے میں 5 دن تعلیم حاصل کریں گے، چاہے اسکول کی عمارتوں میں بذاتِ خود موجودگی یا ریموٹلی گھر پر۔
- ہم بذاتِ خود موجودگی تدریس کو جتنا ممکن ہوگا زیادہ سے زیادہ کریں گے، صحت و حفاظت کی رہنمائی کے مطابق، جس میں میل جول میں فاصلے (سوشل ڈسٹنسنگ) شامل ہیں۔ طلبا یا تو ایک مخلوط تدریسی نمونے (گھر سے ریموٹ لرننگ، اور اسکول کی عمارتوں میں بذاتِ خود موجودگی تدریس کا امتزاج) میں واپس آئیں گے، یا گھر سے مکمل ریموٹ لرننگ، اگر آپ اس کا انتخاب کریں۔
- صحت سے متعلقہ افسران نے یہ واضح کردیا ہے کہ بنیادی حفاظتی قوائد کی پیروی کرنا COVID-19 کے پھیلنے کو روکنے کی کلید ہیں: میل جول میں فاصلے، چہرے کو ڈھانپنا (ماسک)، ہاتھ دھونا، اور جب بیمار ہوں تو گھر پر رہنا۔

## آپ کے بچے کا شیڈول تیار کرنا

اس وقت، موجودہ صحت اور حفاظتی رہنمائی کے مطابق، ہم کسی بھی دن ایک اسکول عمارت میں 100% طلبا کو رکھنے کے قابل نہیں ہونگے۔ آپ کو اپنے بچے کے مخصوص شیڈول کے بارے میں اپنے اسکول سے اگست میں اطلاع کی توقع کرنی چاہیئے۔

مخلوط تدریس نمونے کے تحت، طلبا کو ہفتے کے ایک حصے میں اسکول کی عمارتوں میں آن سائٹ تدریس دی جائے گی، اور ہفتے کے دوسرے دنوں میں وہ گھر پر ریموٹلی تدریس حاصل کریں گے۔

- اسکول نمونوں کی ایک محدود تعداد میں سے ایک شیڈول منتخب کریں گے جو انکے اسکول کی عمارتوں میں جگہ کی پابندیوں کو زیرِ غور لائے، اور جو اپنے شیڈول میں والدین اور طلبا کی ہم آہنگی کو ترجیح دیتا ہے۔
- آپ اپنے بچے یا بچوں کی فی ہفتہ ایک یا دو دن مسلسل اسکول میں ہونے کی توقع کرسکتے ہیں، اور ایک گردشی شیڈول میں مزید بذاتِ خود موجودگی کا دن جو طلبا کے گروپ یا ہم سلسلہ گروہ کی بنیاد پر ہونگے۔
- اسکول جتنی زیادہ ممکن ہو بذاتِ خود موجودگی تدریس کی ہر امکان کوشش کریں گے، اور آپ کے اسکول کا پرنسپل آپ کے بچے کے شیڈول کے بارے میں آپ سے اگست میں رابطہ کریں گے۔

ہم جانتے ہیں کہ ایسے خاندان ہیں جو خزاں میں اسکول کی عمارت میں واپس جانے میں آرام دہ محسوس نہیں کرتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کے لیے مکمل ریموٹ لرننگ کا انتخاب کرسکتے ہیں؛ آپ کو 15 جولائی کو ایک ویب فارم بھیجا جائے گا جو آپ کو 7 اگست تک یہ ترجیح منتخب کرنے کا موقع دے گا۔ وہ خاندان جو تعلیمی سال کے آغاز میں مکمل ریموٹ لرننگ کا انتخاب کرتے ہیں انہیں سہ ماہی بنیاد پر بذاتِ خود موجودگی تدریس میں واپس آنے کا موقع دیا جائے گا۔
ایک بار تعلیمی سال شروع ہوجانے کے بعد، خاندان کسی وقت بھی مکمل ریموٹ تدریس کو منتخب کرسکتے ہیں۔

## صحت اور حفاظت کے نئے طریقہ کار

- اسکول عمارت میں تمام افراد (بشمول طلبا اور بالغان) کو تمام وقت کم از کم 6 فیٹ دور رہنا لازمی ہے، بشمول کلاس رومز، مشترکہ جگہوں پر، اور لنچ پیریئڈز کے دوران۔
- تمام طلبا، عملے، اور آنے والوں کو عمارتوں میں ہونے کے دروان چہرے کو ڈھانپنا لازمی ہے۔ طلبا اور عملے کو قابل تلف (ڈسپوزیبل) چہرے ڈھانپنے کی چیزیں فراہم کی جائیں گے جنہیں ان کی ضرورت ہوگی۔
    - o ان کے لیے استثنٰی کیا جائے گا جو نشو ونمائی وجوہات کی بنیاد پر ماسک نہیں پہن سکتے، بشمول انکی عمر کی بنیاد پر۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

- طلبا اور عملے کو ہاتھ دھونے اور جراثیم کُش تک زیادہ رسائی ہوگی۔ اسکولوں کو اضافی صفائی کا سامان فراہم کیا جائے گا، بشمول ہاتھوں کا جراثیم کُش اور جراثیم کُش پٹیاں (وائپس)۔
- تمام اسکول ایک جگہ بطور ایک تنہائی کے کمرے (آئسولیشن روم) مخصوص کریں گے ایسی صورت کے لیے کہ اگر کوئی طالب علم یا عملے کا ممبر اسکول میں بیمار ہوجائے۔
- ہماری عمارتوں کی ہر رات الیکٹروسٹیٹک جراثیم کُش اسپرے کے ذریعے گہری صفائی کی جائے گی، اور بہتر آب وہوا کے انتظام کو یقینی بنانے کے لیے HVAC سسٹمز کی تجدید کی جارہی ہے۔

## مساوات اور فضیلت: ہماری مسلسل عہد بستگی

ہمارا تعلیمی مساوات اور فضیلت کا نظریہ تمام طلبا کے لیے اس بحرانی وقت کے دوران بھی جاری رہے گا۔ ہم آپ کے بچے کواہم تعلیمی، سماجی-جذباتی، اور دیگر معاونتیں فراہم کرکے آپ کے بچے کی تعلیمی فضیلت حاصل کرنے اور ان کی مکمل استعداد کو رواں کرنے میں مدد کے لیے انتہائی مرکوز ہیں—اس سے قطع نظر کہ وہ کون ہیں۔ ہم ہر طالب علم کے لیے اعلی معیار، انفرادی تدریس پر اپنی توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہیں۔ اسکے علاوہ، ذیل میں کچھ چیزیں ہیں جو ہم اپنے بچوں کی انکے اونچے ترین استعداد تک پہنچنے میں مدد کے لیے کریں گے:

- ہم طلبا کے اسکول کی عمارتوں میں ہونے میں دوبارہ مطابقت اور تبدیلیوں کو قبول کرنے کے لیے وقت دیں گے۔
- ہم سماجی - جذباتی تدریس اور صدمات سے متعلقہ نگہداشت کو بنیادی تعلیمی تدریس میں ہم آہنگ کریں گے، اور تمام نیویارک شہر پبلک اسکول تعلیمی سال 2020-2021 کے دوران ذہنی صحت کی معاونتوں تک رسائی کو ترجیح دیں گے۔
- IEPs کے حامل طلبا کے لیے، اس خزاں میں ہم جتنا زیادہ ممکن ہوگا ان تمام کو بذاتِ خود موجودگی خدمات فراہم کرنا جاری رکھیں گے جو بذاتِ خود خدمات کی خواہش کریں گے۔
- کثیرالسانی متعلمین ایک تدریسی پروگرام موصول کریں گے جو انکے لسانی فروغ اور مضامینی شعبوں دونوں میں علم کی پیش رفت کو یقینی بنائے گا۔

## آپ کو باخبر رکھنا

جبکہ ہم ایک ایسے تعلیمی سال کے لیے منصوبوں کو حتمی شکل دے رہے ہیں جیسا ہماری تاریخ میں نہیں گزرا، ہم جانتے ہیں کہ ہمارے طلبا، خاندانوں اور عملے کے لیے وہ معلومات حاصل کرنا کتنا اہم ہے جو انہیں مستعد ہونے کے لیے درکار ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری فراہم کردہ ہر معلومات سے مزید سوالات پیدا ہوسکتے ہیں۔ براہِ مہربانی جدید ترین معلومات کے لیے schools.nyc.gov/returntoschool2020 پر ریٹرن ٹو اسکول 2020 ویب پیج پر باقاعدگی سے جائیں۔

تمام موسم گرما کے دوران ہم خاندانوں، طلباء، اور برادری کے قائدین کے ساتھ مصروفِ عمل رہیں گے—مرکزی طور پر محکمئہ تعلیم کے ذریعے اور ہر اسکول برادری کے اندر۔

- مرکزی طور پر، محکمئہ تعلیم خاندانوں کے کسی بھی سوالات یا تشویشات کا جواب دینے کے لیے آن لائن خاندان اور طلبا کے لیے معلوماتی اجلاسوں کا سلسلہ منعقد کرے گا۔ ان میں سے پہلا 16 جولائی کو منعقد کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات اور مکمل کیلنڈر schools.nyc.gov/returntoschool2020.پر دستیاب ہوگا۔
- ہم برادری اور حمایتی راونڈ ٹیبل اجلاسوں، منتخب افسران اور اجتمائی تعلیمی کونسل قائدین اور مزید کے ساتھ معلوماتی اجلاسوں کا انعقاد کریں گے۔
- ان خاندانوں کے لیے مخصوص رہنمائی جلد ہی فراہم کی جائے گی جن کے بچے CBO پر مبنی ابتدائی طفلی پروگراموں میں مندرج ہیں۔

*schools.nyc.gov/returntoschool2020*